P-586

Sample | 9 9 1 2 3 4

72

991234

165

SSC-A-I-2026 (9th)

0+0=

(Section-A) Marks= (15) Time Allowed: 20 Minutes

All questions of this section must be answered on this page and handed over to the Superintendent within given time

Roll No
Student Must Fill the Roll Number Bubbles

Student Name ____________________

Name of Paper URDU (U-I)

Paper Date 03-APR-26

Paper Code: 05

Paper Version

Signature of Student: ____________________

Sign and Seal of Suptd: __________ SEAL

...ل نمبر کے مطابق درست جواب نمبر کا دائرہ پُر کریں۔

سوالات

1. لاہور ایک تاریخی شہر ہے۔ میں "تاریخی شہر" ہے: a. مسند، b. مسندالیہ، c. اسناد، d. سند

2. درج ذیل میں ذو معنی لفظ والا جملہ ہے: a. پاکستان روز بروز ترقی کر رہا ہے، b. کان کے مزدور کے کان میں درد رہتا ہے، c. دل کو دل سے راہ ہوتی ہے، d. بغل میں چھری منہ میں رام رام

3. جملہ اسمیہ میں مسندالیہ کو کہتے ہیں: a. خبر، b. مبتدا، c. فاعل، d. فعل

4. درج ذیل میں جملہ فعلیہ ہے: a. اسد بہادر لڑکا ہے، b. اسد ذہین لڑکا ہے، c. اسد پتلا لڑکا ہے، d. اسد شوق سے پڑھتا ہے

5. جس مقصد کیلئے تشبیہ دی جائے، کہلاتا ہے: a. مشبہ بہ، b. حرف تشبیہ، c. غرض تشبیہ، d. مشبہ

6. استعارہ کی اصطلاح کا استعمال کس جملے میں ہے: a. بچے شیر کی طرح بہادر ہیں، b. میں نے پانی چولہے پر رکھ دیا، c. میرا بھائی [illegible] ہے، d. عارف ہمیشہ کھلے دل کا مظاہرہ کرتا ہے

991234

7. "اس مکان میں سورج آتا ہے" جملہ ہے: a. استعارہ کا، b. مجاز مرسل کا، c. تشبیہ کا، d. کنایہ کا

8. شعری اصطلاح میں غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں؟ a. قافیہ، b. ردیف، c. مطلع، d. مقطع

9. درج ذیل میں درست "روزمرہ" ہے: a. مجھے رات ایک خواب آئی، b. مجھے رات کو ایک خواب آیا، c. مجھے رات ایک خواب آیا، d. مجھے ایک رات خواب آیا

10. درج ذیل میں درست محاورہ ہے: a. کام تمام کرنا، b. کام پورا کرنا، c. کام کی باتیں کرنا، d. کام ہو جانا

165

11. درج ذیل میں مرکب تام ہے: a. یہ قلم خوبصورت ہے، b. خوبصورت قلم، c. قیمتی قلم، d. اعلیٰ قلم

12. "اچھا کھلاڑی" قواعد کی رو سے مرکب ہے: a. ناقص، b. تام، c. عطفی، d. جاری

13. جس نظم میں حضرت محمد ﷺ کی تعریف بیان کی جائے، کہلاتی ہے: a. منقبت، b. مثنوی، c. نعت، d. حمد

14. سچ ہے خدا بڑا کارساز ہے۔ اندازِ بیاں ہے: a. ادبی، b. قانونی، c. صحافتی، d. دفتری

15. کی بورڈ کمپیوٹر کا اِن پُٹ آلہ ہوتا ہے۔ درج بالا بیان ہے: a. تکنیکی، b. قانونی، c. ادبی، d. صحافتی

If the Candidate is absent, The **Superintendent** Should fill this Cricle and pack the sheet with solved OMR sheets in roll number order

9261 P-587

اردو لازمی - نہم

SSC-9th-Abbottabad-2026

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 36

1. الف) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے آٹھ کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ (8×2=16)

صبح کا وقت تھا۔ نصیر چارپائی پر آنکھیں بند کیے پڑا تھا۔ ڈاکٹروں کا علاج بے سود ہو رہا تھا۔ شاکرہ چارپائی پر بیٹھی اس کے سینے پر تیل کی مالش کر رہی تھی اور صابر حسین صورتِ غم بنے ہوئے بچے کو پُر درد نگاہوں سے دیکھ رہے تھے۔ اس طرح وہ شاکرہ سے کم بولتے تھے۔ انہیں اس سے ایک نفرت سی ہوتی تھی۔ وہ نصیر کی اس بیماری کا سارا الزام اسی کے سر رکھتے تھے۔ وہ ان کی نگاہوں میں نہایت کم ظرف، سفلہ مزاج، بے حس عورت تھی۔

شاکرہ نے ڈرتے ڈرتے کہا: "آج بڑے حکیم صاحب کو بلا لیتے، شاید انہی کی دوا سے فائدہ ہو"۔ صابر حسین نے کالی گھٹاؤں کی طرف دیکھ کر ترشی سے جواب دیا "بڑے حکیم نہیں، لقمان بھی آئیں، تو اسے کوئی فائدہ نہ ہو گا"۔

شاکرہ: تو کیا اب کسی کی دوا ہی نہ ہوگی؟

صابر: بس اس کی ایک ہی دوا ہے اور وہ نایاب ہے۔

سوالات:

i. نصیر کی حالت کیا تھی؟

ii. شاکرہ کیا کر رہی تھی؟

iii. صابر حسین کی حالت کیسی تھی؟

iv. صابر حسین نصیر کی بیماری کا الزام کس کے سر رکھتے تھے؟

v. صابر حسین کی نگاہوں میں شاکرہ کیسی عورت تھی؟

vi. شاکرہ نے ڈرتے ڈرتے کیا کہا؟

vii. صابر حسین نے کیا جواب دیا؟

viii. شاکرہ نے کیا سوال پوچھا؟

ix. صابر حسین نے کیا جواب دیا؟

ب) i. نظم "طلوعِ اسلام" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ (5)

ii. سبق "نصوح کا خواب" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ (5)

ج) درج ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

i. جملہ اسمیہ کی دو مثالیں تحریر کریں۔ (1+1)

ii. ذو معنی "دام" کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ دونوں مختلف معنی واضح ہو جائیں۔ (1+1)

iii. کنایہ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ (1+1)

iv. شعر سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیں۔ (1+1)

v. مرکب تام کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ (1+1)

vi. تشبیہ اور استعارہ میں کیا فرق ہے؟ (1+1)

سیکشن - ج

نمبر: 24

2. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ (6)

الف) مجھے اس بات کے دیکھنے سے نہایت افسوس ہے کہ ہم سب آپس میں بھائی بھائی تو ہیں مگر مثلِ برادرانِ یوسفؑ کے ہیں۔ آپس میں دوستی اور محبت، یک دلی اور یکجہتی بہت کم ہے۔ حسد، بغض و عداوت کا ہر جگہ اثر پایا جاتا ہے، جس کا نتیجہ آپس کی نااتفاقی ہے۔ شیطان جس نے خدا سے وعدہ کیا کہ: "میں ضرور ان کو تیری صراطِ مستقیم سے ہٹا کر رہوں گا۔ وہ بظاہر ایک مقدس اور حیلے سے ان روحانی بھائیوں میں نفاق ڈالنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور جس طرح کہ ہمارے باپ حضرت آدمؑ اس کے فریب کو خالص دوستی سمجھ کر دھوکے میں آ گئے، اسی طرح ہم بھی اس کے دھوکے میں آ جاتے ہیں اور نفاق کو جو ہر حالت میں مردود ہے، ایک مقدس لباس پہناتے ہیں۔

ب) بڑے کمرے میں کچھ قالین تھے، اتنے خوبصورت کہ انہیں فرش پر دیکھ کر ہمیں بڑا افسوس ہوتا۔ وسط میں جو بڑا قالین تھا، اس کا کچھ حصہ جل گیا تھا، اس طرح کہ وہاں پر نہ صوفہ رکھا جا سکتا تھا نہ کوئی میز، جب کبھی مہمان آتے تو وہی عقل مند بلی اس جلے ہوئے حصے پر بٹھا دی جاتی وہ کچھ اس انداز سے وہاں بیٹھتی جیسے اسے کسی کی بھی کچھ پروا نہیں ہے۔ اسے لاکھ بلاتے بہلاتے پھسلاتے، پیار کرتے لیکن وہاں سے تب تک نہ ہلتی، جب تک وہ سب چلے نہ جاتے۔ باہر والوں میں سے کسی کو پتہ تک نہ تھا کہ ہمارا خوبصورت قالین جلا ہوا ہے۔

P-588

3. نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ (6)

الف) سوئے طیبہ بن کر ہم زائر چلے — شکر کی جا ہے دن اپنے پھر چلے
یا رسول اللہ جلدی آیئے — لشکرِ اندوہ میں ہم گھر چلے

ب) کیا کیا رکھے ہیں یارب سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت
سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت — تیتر پکارتے ہیں سبحان تیری قدرت
کیا کیا مچی ہیں یارو! برسات کی بہاریں

4. کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ شاعر کا حوالہ دیں۔ (6)

الف) نہ دیکھا غمِ دوستاں شکر ہے — ہمیں داغ اپنا دکھا کر چلے
شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی — کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

ب) یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غمگسار ہوتا
رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا — جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا

5. کسی رسالے کے ایڈیٹر کو اپنے سکول کے طلباء کی تحریریں رسالے میں شامل کرنے کے لیے درخواست تحریر کریں۔
(یا) استاد اور شاگرد کے مابین امتحان کی تیاری کے موضوع پر کم از کم بارہ جملوں کا مکالمہ تحریر کریں۔ (6)

tayarri.com